تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 11,2024

پریس ریلیز

اندر پرستھا یونیورسٹی کے طلبہ کا جامعہ ملیہ اسلامیہ کے نئے بگ ڈاٹا انٹرنیٹ آف تھنگس اور کلاؤڈ کمپوٹنگ لیبارٹری (بی ڈی سی سی) کا دورہ

آئی پی یونیورسٹی کے ملحقہ کالج آئی آئی ٹی ایم کے طلبہ نے ایک تعلیمی ٹور کے طور پر مورخہ نونومبر دو ہزار چوبیس کو جامعہ ملیہ اسلامیہ کے کمپوٹر سائنس کے بگ ڈاٹا انٹرنیٹ آف تھنگس اور کلاؤڈ کمپوٹنگ لیبارٹری کے دورے میں شریک ہوئے۔ یہ مختصر تفریحی و معلوماتی دورہ ڈاکٹر منظور انصاری اسسٹنٹ پروفیسر آئی آئی ٹی ایم کی رہنمائی میں ہوا جن کے ہمراہ آئے طلبا نئے تجربات سے آشنا ہوئے۔

یہ لیبارٹری جسے ڈاکٹر منصاف عالم، شعبہ کمپوٹر سائنس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ترقی دیا ہے عمدہ ترین سہولت ہے اور اسے حکومت ہند کی وزارت برائے الیکٹرانکس واطلاعات نے فنڈ فراہم کیا تھا۔ پروفیسر عالم نے طلبہ کو تجربہ گاہ میں موجود ایڈوانسد آلات اور ساز وسامان سے روشناس کرایا۔ انھوں نے انٹرنیٹ آف تھنگز کے جدید آلات، مصروف عمل سینسرز کی پوری کھیپ دکھائی جس سے طلبہ بگ ڈاٹا، آئی او ٹی اور کلاؤڈ کمپوٹنگ کے ساتھ ساتھ تجربہ گاہ میں رکھے ساز وسامان کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرکے تجربہ حاصل کیا۔

لیب میں دستیاب جدید ٹکنالوجی کے مشاہدے اور یہ ٹکنالوجی کیسے کام کرتی ہے نیز عملی دنیا میں اس کے استعمالات کے سلسلے میں جان کر طلبہ بہت خوش ہوئے۔ یہ تجربہ صرف ان کی معلومات میں اضافے کا سبب نہیں بنا بلکہ ٹکنالوجی کی تیز رفتار تبدیل ہوتی دنیا کے متعلق غور وفکر کرنے کے لیے ان میں تحریک کا باعث بھی ہوا۔

ڈاکٹر منظور انصاری نے پروفیسر منصاف عالم، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پرخلوص استقبال اور طلبہ کی فراہم کی جانے والی بیش قیمت آموزش کے موقع کا شکریہ ادا کیا۔

اس تعلیمی دورے نے یقینی طور پر آئی آئی ٹی ایم کے نوجوان طلبہ کو متحرک کیا ہے، انھیں اپنے مطالعات کو جاری رکھنے اور بگ ڈاٹا، آئی او ٹی اور کلاؤڈ کمپوٹنگ میں ریسرچ کے لیے انھیں تحریک دی ہے۔

پروفیسر مونیکا مہروترا، صدر شعبہ کمپیوٹر سائنس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طلبہ کے دورے کی تعریف کی اور طلبہ کی عملی آموزش کے مواقع اور تعلیمی اشتراک کے فروغ کے لیے کیے جانے والے اقدامات اور پہل کے لیے اپنے تعاون اور مدد کا بھروسہ دلایا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی